# Invitation to Bid

Northern Areas Transport Corporation (NATCO) invites sealed bids from qualified, experienced manufacturers, authorized dealers, importers, distributors, and suppliers for the procurement of Heavy-Duty Cargo Trucks for NATCO Freight Operations. The trucks are required for operations on domestic routes within Gilgit-Baltistan and the Pakistan–China Cross-Border (KKH/CPEC Corridor). The offered vehicles must comply with the technical specifications and operational requirements prescribed in the bidding documents. International manufacturers may participate through their authorized local dealers or representatives in Pakistan. The scope of work is as follows:

| S.No | Detail of Work | Call Deposit | Deadline & Bid Opening Date | Venue |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Procurement of Heavy-Duty Cargo Trucks for NATCO Freight Operations (KKH/CPEC Cross-Border & GB Domestic Routes) | 5% of Total Bid Value | 29th July 2026<br>Closing Time: 11:00AM<br>Opening Time: 12:00 PM | NATCO Head Office, Gilgit |

2. Tender documents containing detailed terms and conditions can be obtained from the office of the Manager Procurement, NATCO Head Office Gilgit, and General Manager (South), NATCO Islamabad, upon payment of a non-refundable fee of Rs.**10, 000/-** to be deposited in the official NATCO account titled **"PK36ALFH0119001003485687 NATCO."** No cash payment shall be accepted under any circumstances. Firms downloading the tender documents from the NATCO website shall also deposit the prescribed tender fee and attach the original deposit receipt with the Technical Proposal

**3. GENERAL TERMS AND CONDITIONS:**

i. A Bid Security equivalent to 5% of the total bid value in the form of Pay Order, Demand Draft or Bank Guarantee in favour of Northern Areas Transport Corporation (NATCO) shall be submitted along with the Technical Proposal. Bids submitted without the prescribed Bid Security shall be rejected as non-responsive.

ii. Participation is open to Pakistani manufacturers, authorized dealers, importers, and foreign manufacturers/agents, provided the offered goods are importable under Pakistan's import policy. Joint ventures are also eligible where the lead partner is registered as a distributor in Pakistan.

iii. Bidders must possess valid NTN, GST Registration, SECP/Company Registration, valid Manufacturer's Authorization/Dealership Certificate, and shall not be blacklisted by any Government authority in Pakistan or internationally.

iv. Bidders shall have a minimum of ten (10) years' experience in the supply/trading of Heavy Commercial Vehicles in Pakistan and must have supplied at least 200

Heavy-Duty Trucks to Government/Semi-Government organizations during the last five years.

v. Bidders shall demonstrate a minimum average annual turnover of PKR 1.5 Billion during the last three financial years and shall submit audited financial statements together with a Bank Solvency Certificate.

vi. Bids shall be submitted under the Single Stage – Two Envelope Bidding Procedure, comprising separately sealed Technical Proposal and Financial Proposal, enclosed in one outer envelope.

vii. Technical proposals shall be evaluated in accordance with the criteria specified in the bidding documents. Only bidders obtaining a minimum of 75 marks out of 100 in the Technical Evaluation shall qualify for opening of their Financial Proposals.

viii. The offered trucks shall fully comply with the technical specifications, high-altitude operational requirements, Pakistan–China Cross-Border (KKH/CPEC) compliance requirements, warranty provisions, after-sales services, and spare parts availability as prescribed in the bidding documents.

ix. NATCO reserves the right to conduct technical inspections, road tests, factory visits, or any other verification necessary to assess the bidder's technical capability and compliance with the bidding requirements.

x. NATCO reserves the right to accept or reject any or all bids in accordance with the Gilgit-Baltistan Public Procurement Rules, 2022.

**(WAQAS HUSSAIN)**
Manager Procurement
Ph: 05811-920312

نمبر : HO-Admin-5(1)/20 26 مورخہ: 3 جولائی، 2026

## دعوتِ برائے پیشکش

نادرن ایریاز ٹرانسپورٹ کارپوریشن (NATCO) فریٹ آپریشنز کے لیے ہیوی ڈیوٹی کارگو ٹرکس کی خریداری کے سلسلے میں اہل، تجربہ کار مینوفیکچررز، مجاز ڈیلرز، درآمد کنندگان، ڈسٹری بیوٹرز اور سپلائرز سے سربمہر بولیاں طلب کرتی ہے۔ مطلوبہ ٹرکس گلگت بلتستان کے اندرونی روٹس اور پاکستان-چین سرحدی تجارتی راہداری (KKH/CPEC Corridor) پر آپریشنز کے لیے درکار ہیں۔ پیش کردہ گاڑیاں بڈنگ دستاویزات میں درج تکنیکی خصوصیات اور آپریشنل تقاضوں کے مطابق ہونی چاہئیں۔ بین الاقوامی مینوفیکچررز اپنے پاکستان میں مجاز مقامی ڈیلرز یا نمائندوں کے ذریعے بھی بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ کام کی تفصیل درج ذیل ہے:

| شمار | کام کی تفصیل | کال ڈپازٹ | آخری تاریخ / بولی کھولنے کی تاریخ | مقام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | NATCOفریٹ آپریشنز (KKH/CPECکراس بارڈر اور گلگت بلتستان کے اندرونی روٹس (کے لیے ہیوی ڈیوٹی کارگو ٹرکس کی خریداری | کل بولی کی مالیت کا 5% | 29جولائی 2026بولی جمع کرانے کا وقت :صبح 11:00 بجےٹیکنیکل بولی کھولنے کا وقت: 12:00 بجے | NATCO ہیڈ آفس، گلگت |

2۔ ٹینڈر دستاویزات، جن میں تمام شرائط و ضوابط درج ہیں، **منیجر پروکیورمنٹ**، **NATCOہیڈ آفس گلگت** اور **جنرل منیجر (ساؤتھ)**، **NATCOاسلام آباد** کے دفاتر سے **-/10,000روپے** (ناقابلِ واپسی) فیس جمع کروانے کے بعد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ مذکورہ رقم NATCO کے سرکاری اکاؤنٹ **"PK36ALFH0119001003485687 – NATCO"**میں جمع کروانا ہوگی۔ کسی بھی صورت نقد رقم وصول نہیں کی جائے گی۔ NATCO کی ویب سائٹ سے ٹینڈر دستاویزات ڈاؤن لوڈ کرنے والے ادارے بھی مقررہ فیس جمع کروانے کے پابند ہوں گے اور اصل جمع شدہ رسید تکنیکی تجویز کے ساتھ منسلک کریں گے۔

3**۔ عمومی شرائط و ضوابط:**

i. کل بولی کی مالیت کے 5فیصد کے مساوی پے آرڈر، ڈیمانڈ ڈرافٹ یا بینک گارنٹی کی صورت میں بڈ سکیورٹی، Northern Areas Transport Corporation (NATCO)کے نام سے، ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ جمع کروانا لازمی ہوگی۔ مقررہ بڈ سکیورٹی کے بغیر جمع کرائی گئی بولیاں ناقابل قبول تصور ہوں گی۔

ii. اس ٹینڈر میں پاکستان کے مینوفیکچررز، مجاز ڈیلرز، درآمد کنندگان اور غیر ملکی مینوفیکچررز/ایجنٹس حصہ لے سکتے ہیں، بشرطیکہ پیش کردہ سامان پاکستان کی درآمدی پالیسی کے مطابق درآمد کے قابل ہو۔ جوائنٹ وینچر کی صورت میں لیڈ پارٹنر کا پاکستان میں رجسٹرڈ ڈسٹری بیوٹر ہونا ضروری ہوگا۔

iii. بولی دہندگان کے لیے NTN، GST رجسٹریشن، /SECPکمپنی رجسٹریشن، مینوفیکچرر کی مجاز اتھارٹی/ڈیلرشپ سرٹیفکیٹ کا حامل ہونا لازمی ہوگا، نیز وہ پاکستان یا بین الاقوامی سطح پر کسی بھی سرکاری ادارے کی جانب سے بلیک لسٹ نہ کیے گئے ہوں۔

iv. بولی دہندگان کے پاس پاکستان میں ہیوی کمرشل گاڑیوں کی سپلائی/ٹریڈنگ کا کم از کم 10سال کا تجربہ ہونا چاہیے، اور گزشتہ 5سال کے دوران سرکاری یا نیم سرکاری اداروں کو کم از کم 200ہیوی ڈیوٹی ٹرکس ٹن فراہم کیے ہوں۔

v. بولی دہندگان گزشتہ تین مالی سالوں کے دوران کم از کم 1.5ارب روپے کی اوسط سالانہ کاروباری آمدن ثابت کریں گے اور اس مقصد کے لیے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور بینک سالوینسی سرٹیفکیٹ جمع کروائیں گے۔

vi. بولیاں سنگل اسٹیج، ٹو انویلپ طریقہ کار کے تحت طلب کی جائیں گی، جس کے مطابق ٹیکنیکل اور فنانشل پروپوزل الگ الگ سربمہر لفافوں میں بند کر کے ایک بڑے لفافے میں جمع کروائے جائیں گے۔

vii. ٹیکنیکل پروپوزلز کا جائزہ بڈنگ دستاویزات میں درج معیار کے مطابق لیا جائے گا۔ صرف وہی بولی دہندگان، جو ٹیکنیکل جانچ میں 100میں سے کم از کم 75 نمبر حاصل کریں گے، ان کے مالیاتی پروپوزلز کھولے جائیں گے۔

viii. پیش کردہ ٹرکس بڈنگ دستاویزات میں درج تمام تکنیکی خصوصیات، بلند پہاڑی علاقوں میں آپریشن، پاکستان-چین کراس بارڈر (KKH/CPEC) تقاضوں، وارنٹی، بعد از فروخت خدمات اور اسپیئر پارٹس کی دستیابی کی شرائط پر مکمل طور پر پورا اتریں گے۔

ix. NATCOکو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بولی دہندگان کی تکنیکی صلاحیت اور پیش کردہ معلومات کی تصدیق کے لیے تکنیکی معائنہ، روڈ ٹیسٹ، فیکٹری انسپیکشن یا دیگر ضروری جانچ پڑتال کرے۔

x. کارپوریشن کو گلگت بلتستان پبلک پروکیورمنٹ رولز، 2022 کے مطابق کسی بھی یا تمام بولیوں کو قبول یا مسترد کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔

**(وقاص حسین)**
منیجر پروکیورمنٹ
فون: 920312-05811